© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**ننھی منی خوبصورت نظمیں** نتیجۂ کاوش: حفیظ الرحمٰن احسن - ناشر: ایوانِ ادب، چوک اردو بازار لاہور ۲ - خوبصورت رنگین طباعت و ڈیزائننگ - قیمت: ۹/- روپے

بڑوں کے لیے واعظ، ادیب، شاعر سب بہت - بچوں بیچاروں کے لیے نصیحتیں تو ہوں گی مگر اور کچھ نہیں - خصوصاً بچوں کے لیے جو لٹریچر ملتا ہے، اس میں بہت کم معیاری ہوتا ہے - پھر جب بات اسلام کی بھی آجائے تو بیچارے بچوں کو یونہی ٹرخایا جاتا ہے - بچوں کے لیے اسلامی نظموں کا تصور بھی عجیب، یعنی صرف ایسی شاعری کہ خدا نے یہ کہا اور رسولؐ نے یہ، اور نماز پڑھا کرو اور بس - نہ انسانی کرداروں سے واسطہ، نہ فطرت کی وسیع تماشاگاہ کے رنگ برنگ پھولوں سے اور جنگلی جانوروں اور پرندوں سے کوئی معرفت، نہ کھیلوں میلوں کی کوئی بات، نہ ہنسی مذاق اور لطیفوں کا سلسلہ، نہ جسم کے رکھ رکھاؤ کی تعلیم، نہ راستی و انصاف اور ناراستی و ظلم کی جھلکیاں، نہ نئی نئی ایجادات کے قصے، نہ اُن میں روشنی و خوشبو پھیلانے کے رجحانات اُبھارنے کی سعی -

اور اسلامی نظموں اور کہانیوں کے مجموعے بھی ایسے کہ نہ کہیں کوئی ڈیزائننگ، نہ رنگ کا استعمال، نہ خوبصورتی کا اہتمام، نتیجہ یہ کہ بچے پڑھتے ہیں تو "ٹوٹے بٹوٹ" جیسی نظمیں یا "اڑنے والی جل پری کا قصہ" یا "ٹارزن کا مصنوعی سیاروں پر حملہ" -

اس ساری افسوسناک صورتِ حالات کی تلافی کے طور پر پہلی بار ایک جاندار رنگین اور دلچسپ مجموعۂ نظموں کا ہمارے سامنے آیا ہے اور یہ کارنامہ ہے جناب حفیظ الرحمٰن احسن صاحب کا، جو بڑوں کو تعلیم دیتے دیتے بچوں کے ساتھ کھیلنے نکل کھڑے ہوئے -

اس مجموعے میں حمد اور دین کی باتیں بھی ہیں - کھلونوں اور تفریحات کے مشغلے بھی اور فطرت

© rasailojaraid.com